Secretary General, Islamic Study Circle (J & K), Auqaf Building, Srinagar - 190 001. Kashmir.

Middle East Biggest Importer ofGold

Middle Eastern countries are the biggest buyers of gold, in the world.

The Middle East News Agency (MENA), quoting Manhatan Bank, stated that about 300 tons of gold has reached the area last year, which is one fifth of the total world supply.

Quoting Middle East market bulletin MENA further said Saudi Arabia came second, after Iran, by importing 45 tons of gold. Kuwait and Arab gulf countries held the third position by importing 35 tons of gold. □

Sayings of Prophet Muhammed Pbuh



CLEANLINESS

God is pure and loveth purity and cleanliness.

●

I asked the Prophet, 'May I beg from people, O Rasul, when necessitates?' Prophet Muhammad said, 'No, do not beg; but if thou are absolutely compelled, then beg from the virtuous.'

●

If I were disposed to trouble my disciples, verily I would order them to clean their teeth at the time of every prayer. □

COMPASSION

Then the child of Zainab was brought to the Prophet, dying; its soul trembling and moving; and both the eyes of the Apostle of God shed many tears. And Sa'd said, "O Messenger of God! What is this weeping and shedding of tears?" He said, • weeping"This is an expression of the tenderness and compassion, which the Lord hath put into the hearts of his servants; the Lord doth not compassionate and commisserate His servants, except such as are tender and full of feeling. □

• His followers expected the Messenger of God to be above smiles and tears.

●

COURTESY & HUMILITY

Humility and courtesy are acts of piety.

Being confined to a room, the Apostle of God sat down upon his legs drawn up under his thighs. A desert Arab who was present said, "What is this way of sitting?" Prophet Muhammad said, 'Verily God hath made me a humble slave, and not a proud king.'

●

Verily God instructs me to be humble and lowly and not to be proud; and that no one should oppress another.

●

Whoever is humble to men for God's sake, may God exalt his eminence. □

Pakistan Primary Education

The $17.2 million project constitutes the first experimental phase of a long-term program to overcome the major problems of primary education in Pakistan. The project will provide experimentation and evaluation of the contribution of various inputs to improve access, lower dropout rates, improved instruction and higher student achievement.

The teacher service will be strengthened by recruiting assistant teachers and by providing more intensive in-service teacher training. The project will also finance the construction and supply of furniture of about 1,000 additional classrooms, most of them to be added to existing schools, residences for about 675 female teachers□ and 10 small centres for in-service training. IDA will provide $10 million credit (for 50 years) to Pakistan for this project. □

Saudi Arabia to introduce conscription

Compulsory military service by conscription will be introduced in Saudi Arabia before the end of this year, the Defence Minister Prince Sultan Bin Abdul Aziz, announced.

The first army in Saudi Arabia was established in 1911 by Sultan Abdul Aziz and recruited from tribes considered loyal to him. □

The Muslim World

Classified

MATRIMONIAL

"Pakistani, gentleman, educated born in U.P. seeks suitable match."

S.T. c/o Crescent

■

MATRIMONIAL

Correspondence invited from U.S. or Canadian Immigrant doctors or other professional qualified persons of respectable Pakistani families for a respectable British national Sunni Muslim M.R.C.P. girl, 26, brought up, educated and well settled in England. Relocation open for negotiations.

Please write full details with photographs to:

M.A. C/O Crescent

TEL. 923-2777

Lunch Special at

KOH-I-NOOR

CURRY CENTRE

PAKISTANI & INDIAN FOODS

KHALID BUKHARI

99 DAVENPORT ROAD AT BAY TORONTO, ONT.

کراچی (اے پی پی) صدر جنرل محمد ضیاء الحق نے کہا ہے کہ اردو میڈیم سینئر کیمبرج امتحانات میں شرکت ہونا چاہتے ہیں وہ تعلیم حاصل کریں لیکن کسی سکول کو اردو ذریعہ تعلیم کی پابندی سے مستثنیٰ نہیں کیا جائے گا۔ صدر نے کہا اردو پاکستان کی قومی زبان اور اتحاد کا واحد ذریعہ ہے اس سے اس سوال پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہو سکتا۔ صدر نے استفسار کیا کہ حکومت نے حال ہی میں سکولوں میں اردو ذریعہ تعلیم کے بارے میں جس پالیسی کا اعلان کیا ہے اس سلسلے میں کیا حکومت بعض سکولوں کو اس سے مستثنیٰ کرنے کا ارادہ رکھتی ہے کیونکہ بہت سے سکولوں میں سینئر کیمبرج کی کلاسیں ہوتی ہیں طلبہ اس اعلان سے یہ سکول متاثر ہوں گے اس شخص نے صدر سے بتایا کہ کراچی میں ایک وفد نے ان سے ملاقات کی تھی جسے انہوں نے بتایا کہ پاکستان ایک اسلامی ملک ہے اور اسلام اقلیتوں کو مساوی حقوق کی ضمانت دیتا ہے بلکہ ان میں سے بھی زیادہ جو مسلمانوں کو یہاں حاصل ہیں۔ اردو اور انگریزی اس وقت دونوں سرکاری زبانیں ہیں لیکن اردو کی قومی زبان کی حیثیت پر کچھ نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا علاقائی زبانوں کو بھی ترقی کرنی چاہیے۔ اور اردو زبان کی طرف خصوصی توجہ دی جانی چاہیے۔ کیونکہ اس زبان کا اپنا خصوصی مقام ہے اور یہ زبان پاکستانی قومیت کی علامت ہے۔

فیصل آباد ۱۸ مئی (نمائندہ خصوصی) قومی [illegible] ... مسٹر مختار رانا نے جن کو حبشہ نے زبردستی جلا وطن کر دیا تھا کہا ہے کہ حبشہ کو پھانسی لگانے والے اب اس کی قبر کے مجاور بن کر فائدہ اٹھانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ مسٹر مختار رانا نے پاکستان انقلابی محاذ کے ایک عہدیدار کے نام اپنے خط میں تحریر کیا ہے کہ حبشہ کو اس کے ان خوشامدی دشمنوں نے پھانسی لگوایا ہے جو اس کے گرد جمع ہو گئے تھے خود حبشہ کے خاندان کے افراد ان دوست نما دشمنوں کی حوصلہ افزائی کر رہے ہیں اس کے باوجود بیگم بھٹو بے نظیر بھٹو اور دوسرے سیاسی قیدیوں کی رہائی کے لیے کوشش کی جانی چاہیے۔

مختار رانا نے اپنے خط میں مزید لکھا ہے کہ ان کا جینا اور مرنا پاکستان کے غریب اور محب وطن عوام کے لیے ہے لیکن سیاسی حالات میں مجھے جلا وطن کر کام کرنا پڑتا ہے۔ اس لیے وہ فی الحال پاکستان نہیں آئیں گے بلکہ ملک سے باہر رہ کر سیاسی کام جاری رکھیں گے اور مناسب وقت پر پاکستان آ کر سیاست میں اپنے کام کو آگے بڑھائیں گے۔ مسٹر مختار رانا نے جو برطانیہ میں سیاسی پناہ حاصل کر چکے ہیں اپنے خط میں یہ بھی تحریر کیا ہے کہ وہ پاکستانیوں کی دعوت پر جرمنی بھی گئے تھے۔

نو منتخب برطانوی وزیر اعظم

حسنی (ڈورانتو)

برطانوی سیاست نے ایک اور کروٹ بدلی۔ تاریخ آج تک گمان یوں ہونے لگا کہ برطانوی مردوں نے تو چوڑیاں پہن لی ہیں۔ راج چھن جانے کے بعد تاریخ میں ایک خاتون کی زیبا قسمت کا حصہ بنا تھا اسباب ریاست کے کل پرزے ڈھیلے ہونے، ہڑتالوں کی بھرمار، علیحدگی پسند تحریکوں کے زور پکڑنے پر وزارت عظمیٰ میں ایک انگریز خاتون کے گلے کا ہار بن کر رہ گئی۔

مغرب اور روشن تہذیب کے علمبردار اور دوسرے ممالک میں آزادیٔ نسواں پر نکتہ چینی کرنے والے اس ملک کا یہ دعویٰ ہے کہ انگلستان میں عورتوں کو ہمیشہ برابری کے حقوق حاصل رہے ہیں۔ جبکہ ولایت کی مشہورہ آفاق آکسفورڈ یونیورسٹی یونین میں ۱۹۶۳ء تک خواتین کو ممبر شپ حاصل کرنے کی اجازت نہ تھی۔ برطانیہ کی موجودہ وزیر اعظم بھی اسی پابندی کا شکار ہو گئی تھیں۔

یہ پابندی ایک جنگجو خاتون کے پاؤں میں زنجیر نہ پہنا سکی جیسا کہ سرگرمیاں فارغ التحصیل ہونے کے بعد تیز سے تیز تر ہوتی چلی گئیں۔ ۱۹۵۹ء میں ٹوری پارٹی کے ٹکٹ سے پہلا الیکشن جیتا۔ ۱۹۷۰ء میں انہیں وزیر تعلیم بنا دیا گیا۔ محکمہ تعلیم کو جس طرح محترمہ نے چوپٹ کیا وہ ایک الگ داستان ہے۔ البتہ اسی وزارت کے دوران مسز تھیچر کو "دودھ چھیننے والی" "THATCHER THE MILK SNATCHER" کا خطاب ملا۔ کیونکہ محترمہ صاحبہ نے سکولوں میں چھوٹے بچوں کو دودھ مہیا کرنے کی پرانی روایت توڑ دی اور دودھ پر پابندی لگا دی۔

پارلیمنٹ میں مسز تھیچر کا اپنا ایک الگ ہی انداز ہوا کرتا تھا۔ بات بات پر غصہ، تنک مزاجی، چڑچڑاپن اور سب سے بڑھ کر ضد کا پن، چند ایسی خصوصیات تھیں جن کی بدولت محترمہ نے ایک مخصوص مقام حاصل کیا اور آج بھی انگریز قوم بڑے فخر سے انہیں آئرن لیڈی (فولادی خاتون) کے نام سے پکارتی ہے۔ ممکن ہے آئر لینڈ سے ٹکرانے کے لیے انگریز کا یہ آخری حربہ بھی بیکار رہے گزشتہ دنوں مسز تھیچر کے اہم مشیر مسٹر ایرے نیو کا ریموٹ بم کے دھماکے سے ہلاک ہو چکے ہیں۔

جس پارٹی کی لیڈر بن کر مسز تھیچر نے الیکشن جیتا ہے اس کا اگر بغور مطالعہ کیا جائے تو چند دلچسپ انکشافات ہوں گے۔ ۱۹۶۵ء میں ٹوری پارٹی نے تاریخ میں پہلی بار

وطن کو خیرباد کہہ کر اور مقامی آبادی کو مشتعل کر کے الیکشن جیتا اسی پارٹی کے ایک سرکردہ رہنما مسٹر اینک پاول نے ۱۹۶۸ء میں یہاں تک کہہ دیا تھا کہ انگلستان کی سرسبز شاداب سرزمین تارکین وطن کے خون سے رنگی جائے گی۔

— ٹوری پارٹی کے گزشتہ لیڈر مسٹر ایڈورڈ ہیتھ کا دور انگلستان کی تاریخ کا سیاہ دور تھا۔ ان کے زمانے میں ہڑتالیں عروج پر رہیں۔ آخری ہڑتال کوئلے کے کان کنوں نے کی۔ جس کے بعد ہیتھ گورنمنٹ ریت کی عمارت کی طرح نیچے آ رہی۔

— ایڈورڈ ہیتھ جیسے ناکام پارٹی لیڈر کے سامنے پارٹی کے اندر کوئی دوسرا ممبر پارٹی الیکشن میں مقابلے کے لیے تیار نہ تھا۔ بادل ناخواستہ مسز تھیچر کو میدان میں آنا پڑا گو ہیتھ تو پارٹی لیڈرشپ سے مستعفی ہو چکے مقابلہ تھیچر اور ولیم وائٹ لا میں ہوا اسی طرح مسز تھیچر دو حریفوں میں کانٹے رائے کی حیثیت سے پارٹی لیڈر بن گئیں۔

مسز تھیچر کے قریبی حلقوں کا کہنا ہے کہ محترمہ لیڈر شپ کی صلاحیتوں سے خالی ہیں۔ ان کی زبان قینچی کی طرح چلتی رہتی ہے۔ کیبنٹ کے اندر انہیں ڈسپلن قائم رکھنے میں دشواری پیش آئے گی۔ خصوصاً مشیر حضرات کو بات کرنے کا کم اور باتیں سننے کا زیادہ موقع ملے گا۔

مسز تھیچر کا ساؤتھ افریقہ کے بارے میں موقف سفید فام نسل پرستی پر مبنی ہے۔ اندرون ملک تارکین وطن پر مزید پابندیاں عائد کرنے پر محترمہ سرعام اظہار کر چکی ہیں۔ آئر لینڈ میں آئی آر اے کو تہس نہس کرنے کا ارادہ رکھتی ہیں۔ اس عمل کے لیے دوبارہ پھانسی کی سزا کو بھی شاید بحال کر دیا جائے گا۔ مگر حال ہی میں ایران کو سخت احتجاجی مراسلہ بھیجا گیا ہے۔ جس میں مجرموں کی سزائے موت پر محترمہ نے اظہار تشویش کیا ہے یعنی انگریز کے دانت کھانے کے اور دکھانے کے اور۔

سلطنت برطانیہ پر سورج غروب ہو چکا ہے۔ شام کے بعد رات کے گہرے اور تاریک سائے ۱۰ ڈاؤننگ سٹریٹ پر دستک دے رہے ہیں۔ اس وقت اس وزیر اعظم ہاؤس میں اگر کوئی شخص پشیمان ہو گا تو وہ وزیر اعظم جیمز کے وفادار شوہر مسٹر تھیچر ہوں گے۔ جن کے نام سے تو ولایت کا بچہ بچہ واقف ہے۔ مگر ان کی بد نصیبی پر کوئی آنکھ اشکبار نہیں ہے!

WE'VE MOVED!

حکومت انٹاریو کا مختلف زبانوں کا ترجمہ مہیا کرنے والا دفتر اب بے ہسٹ بیٹ کے جیکل اسلاٹ بلاک پر نہیں ہے بلکہ اس کا نیا پتہ یہ ہے:

Welcome House
2nd floor, 8 York St.
965-1458
(Below Front Street)

اگر آپ کو پیدائش کے صداقت نامے، ڈپلوما اور خطوط وغیرہ کا ترجمہ کرانا ہو تو یہ نیا پتہ یاد رکھیئے۔

MINISTRY OF CULTURE AND RECREATION
Ontario
HON. REUBEN C. BAETZ, MINISTER

گروسری، سبزیاں، مصالحہ جات

تازہ حلال گوشت

بازار سے مقابلتاً سستے داموں ہم سے طلب فرمائیں

Tel. 762-1633

ALFLAH
GROCER
2774 Dundas St. West
Toronto, Ont.

کفالت سکیم کے تحت عزیزوں کو حج پر بھجوانے کے طریق کار کا اعلان

بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کو ۱۳۵۲۵ روپے کا زر مبادلہ جمع کرانا ہوگا

اسلام آباد ۲۰ مئی (اے پی پی) حکومت پاکستان نے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی طرف سے اپنے عزیزوں کو حج کی کفالت کرنے کے قابل بنانے والی مراعات کے طریق کار کا اعلان کر دیا ہے۔ پاکستان سے سات ہزار افراد بیرونی ممالک میں مقیم پاکستانیوں کی کفالت پر حج کے لیے جا سکیں گے۔ [illegible]

اپنے کسی عزیز کو حج پر بھجوانے کے لیے ۱۳۵۲۵ روپے کا زر مبادلہ پاکستان بھجوائیں گے جو فضائی سفر اور ۹۰۰ امریکی ڈالر کے زر مبادلہ کے کوٹے کو پورا کرے گے اور جو سعودی عرب میں قیام کے لیے ضروری ہے۔ [illegible]

باپ، چچا، بیٹی، بھائی، بہن، خاوند، بیوی، پھوپھا زاد، ماموں زاد، خالہ زاد، چچا زاد بھائی بھی شامل ہیں۔ [illegible]

مختصر مختصر اشتہارات

ضرورت رشتہ

ایک خوبرو پاکستانی "لان امیگرنٹ" سنی نوجوان کے لیے "قبول صورت شریف" پاکستانی دوشیزہ کا رشتہ درکار ہے۔ لڑکا مانٹریال میں مقیم ہے اور یہاں کے ایک انسٹیٹیوٹ سے کمپیوٹر آپریٹر کی پیشہ ورانہ تربیت مکمل کر چکا ہے۔ خط و کتابت صیغہ راز میں رکھی جائے گی۔ رجوع کیجیئے:

A.Q.
P.O. Box 413, Stn. "A"
Longueuil, P.Q.
J4H 3Z2

●

شریف خوبصورت لڑکا عمر ۲۹ سال، سید، سنی، تعلق یو۔پی، سکونت کراچی پاکستان، تعلیم ایم۔اے، کے لیے کینیڈا، امریکہ یا برطانیہ میں مقیم کنواری یا طلاق شدہ خاتون، عمر ۲۵ تا ۲۸ سال کا رشتہ درکار ہے۔ خواہشمند تصویر اور جملہ کوائف کے ساتھ ذیل کے پتہ پر فوری رابطہ قائم کریں:

Mrs. SIDDIQUI
219 -C Bell St., N. #1006
Ottawa, Ont.
K1R 7E4

برائے فروخت

بیشتر عمدہ سات ابلیٹ (ریل ٹیپ) جن میں تقریباً برصغیر کے تمام ممتاز گانے والوں کے اچھے اچھے گیت ہیں، بہت سستی قیمت پر فروخت کیے جا رہے ہیں۔ فی ٹیپ صرف ۵ ڈالر۔ فون کیجیئے:

635-7449
OR
881-6090

●

۱۹۷۳ء کی ٹیوٹا سلیکا، نئے ٹائر اور ری کنڈیشنڈ انجن کے ساتھ نہایت اچھی حالت میں فروخت کی جا رہی ہے۔ قیمت ۱۵ سو ڈالر۔ تفصیلات کے لیے فون کیجیئے:

497 9623

●

ایک بے بی پرام بالکل نئی حالت میں مناسب قیمت پر فروخت کی جا رہی ہے۔

493 4374

(مختصر اشتہارات کا معاوضہ صرف پانچ ڈالر ہے جس کی پیشگی ادائی ضروری ہے)

شادی خانہ آبادی

دنیا کے کسی بھی ملک مثلاً انڈیا، پاکستان، بنگلہ دیش، سری لنکا، انگلینڈ، شمالی امریکہ، افریقہ اور مڈل ایسٹ وغیرہ میں جہاں بھی ہندوستانی اور پاکستانی آباد ہیں، شادی کے لیے ہماری خدمات حاصل کریں۔

تفصیل کے لیے ہمارے کسی بھی دفتر کو اپنا مکمل پتہ اور جوابی لفافہ ٹکٹ لگا کر ارسال فرمائیے۔

INTERNATIONAL MARRIAGE SERVICE (REGD.)
Head Office
P.O. BOX 951, STATION "A"
SCARBOROUGH (TORONTO)
ONTARIO, CANADA M1K 5E4

طنز و مزاح

چٹکیاں

اقبال یونس خان (ٹورانٹو)

"مذہب اور سیاست کو ایک دوسرے سے الگ رکھنا چاہیے۔"
یہ انقلابی نعرہ ایک اہم مسلم لیڈر نے لگایا۔ انگزانڈریہ یونیورسٹی میں تقریر کرتے ہوئے صدر سادات نے یہ جملہ فرمایا تھا۔ ہم سب مسلمانوں کو فخر ہے کہ ہم ابھی بھی "اتنا گر جانے کے بعد" اتنی پیچ کا لیڈر پیدا کر سکتے ہیں! یہ انقلابی نعرہ ہم نے پہلے کبھی پڑھا نہ سنا۔ لیکن جناب! ہمارا سادات اس گرا ہوا تنگ پہنچ گیا! ہمیں خطرہ ہے کہ اب مغرب کے پیشوا چل جائیں گے کہ ایک مسلمان اس اونچی بات تک پہنچ گیا۔ اسلیے یہ الزام لگا دیں گے کہ یہ خیال مغرب سے چوری کیا گیا ہے! لیکن ہم کبھی یقین نہیں کر سکتے کہ اتنی گزروں کی اونچائی والا مسلمان لیڈر مغرب کی نقل کر سکتا ہے۔

سادات نے کسی کی نقل کی یا نہیں اس کو تو آپ الگ چھوڑ دیں۔ بس غور کریں اس پر کہ جو بات اس نے کی وہ اپنی جگہ پکی ہے یا نہیں؟

مذہب اور سیاست کو ملانے سے آج کے سیاسی لیڈر کے ہاتھ کٹ جاتے ہیں۔ جمہوریت میں عوام کی خواہش کا جتنا احترام ہوتا ہے اس کو ہم لوگ جو مغرب میں رہتے ہیں "اچھی طرح سے سمجھ سکتے ہیں۔ عوام نے خواہش ظاہر کی کہ بیوکلیئر اسٹیشن نہ بناؤ، محال ہے کہ بن جائے۔ عوام نے کہا بسوں کا کرایہ نہ بڑھایا جائے۔ بس پھر کیا تھا ٹی ٹی سی نے سر ہی تو جھکا دیا۔ عوام کی اکثریت نے کہا کہ قاتلوں کو پھانسی کا پھندہ دکھاؤ۔ اسٹانفیلڈ کے چیف منسٹر "مسٹر ڈیوس" نے جلاد کا کام خود اپنے ہاتھوں سے سرانجام شروع کر دیا۔ لوگوں نے کہا ٹیکس کم کرو۔ بڑی بڑی کمپنیوں کا منافع کم کر کے آسمان سے باتیں کرتی قیمتوں کو گھٹاؤ۔ حکومتی مشینری کے اخراجات کم کرو ——— غرض عوام نے جو خواہش ظاہر کردی "موڈرن جمہوریت" نے اس کا احترام کیا۔

موڈرن جمہوریت میں عوامی لیڈروں کو ہر پانچ سال بعد عوام کی چوکھٹ پر آنی پڑتی ہے۔ الیکشن سے پہلے جو پارٹی بھی حکمران ہوتی ہے، عوام کو رشوت دینا شروع کرتی ہے۔ ٹیکس کم کر دیے جاتے ہیں یا مختلف گرانٹس جاری کردی جاتی ہیں۔ ہر منسٹر جو تقریر کرتا ہے وہ آنے والے الیکشن کی تیاری کے تحت ——— اور ہر وہ حربہ استعمال کیا جاتا ہے جس کی موز سے اچھے انداز میں ٹی وی اور ریڈیو پر حزبوں میں جگہ مل سکے۔ اس کے بعد الیکشن کی تاریخ کا اعلان ہوتے ہی ہر پارٹی کے امیدوار عوام کو خوش کرنے کے لیے بڑے بڑے وعدے کرنے لگتے ہیں۔ کوئی کہتا ہے میاں اگر ہم کو ووٹ دیا تو تم کو لڈو کھلائیں گے۔ دوسرا کہتا ہے ہم تم کو ہر ماہ یا مزان الاؤنس دیں گے۔ "جذر کا ناچ" دکھائیں گے۔ الیکشن جیت جانے پر ان وعدوں پر عمل صرف احمق ہی کر سکتے ہیں۔ اپنے لیڈران کو جو وعدہ کر کے پلٹ جانے "اسمارٹ" کا خطاب ملتا ہے۔ عوام اس کا برا نہیں مانتے وہ دراصل اسی کی توقع رکھتے ہیں۔ کم از کم اس الیکشن کے چکر میں کچھ دنوں کی ہی سہی چاندنی ہو جاتی ہے۔

پارٹی اور لیڈر محض ووٹ لینے کی خاطر اپنے اصولوں سے ہٹ جاتے ہیں۔ اس سے بڑا فائدہ یہ ہوتا ہے کہ پارٹی اور اس کے لیڈران ان کو مدلتی ہوا کے تحت بہت سے ہر لینے کی انہیں عادت حاصل ہوتی ہے کہ سیاہ کو سفید اور سفید کو سیاہ کہتے ہیں نہ کوئی مشکل پڑتی ہے اور نہ ہی شرم آتی ہے۔ اب ظاہر ہے کہ اتنی باریک باتوں پر ایک بدھو تو عمل نہیں کر سکتا۔ اس

کھیل کے لیے اسمارٹ لیڈروں اور نعروں کی بڑی سخت ضرورت رہتی ہے۔ نعرہ کسی قسم کا ہو۔ اس سے بحث نہیں۔ بس! نعرہ ہو۔ روٹی کپڑا اور مکان ہی سہی۔ ان نعروں میں عوام کو پھنسا کر لیڈر مزے سے تماشہ دیکھتے ہیں۔

ہر مسلمان بہت خوش ہو کر یہ کہتا سنا جاتا ہے کہ اسلام نے اقلیتوں کو بالکل آزاد چھوڑ دیا تھا۔ کبھی مارے باندھے مسلمان نہ بنایا۔ اسپین میں یہودی جتنے خوش رہے اس کی مثال تاریخ میں موجود ہے۔ ہزار سال سلطنت کے بعد بھی ہندوؤں کی آبادی بھارت میں کم نہ ہوئی۔ ہر قسم کے غیر مسلم مورخ بھی اس بات کی شہادت دیتے ہیں کہ مسلمانوں نے کسی کو جبری مسلمان نہیں بنایا۔ یہ اسلام کی کتنی بڑی چال اقلیتوں کے خلاف رہی۔ قرآنی احکامات سے عیسائیوں اور یہودیوں کو اختلاف رہا۔ مسلمانوں نے ان اقلیتوں کو اس بات کی خوشی سے اجازت دی کہ وہ اسلام نہ لائیں اور اپنے اپنے مذاہب پر عمل پیرا ہوں۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ یہ اقلیتیں بالکل الگ تھلگ ہو گئیں ان لوگوں سے جن کے ہاتھ میں عنان حکومت تھی۔ اسطرح اقلیتیں اکثریت سے الگ تھلگ ہو جانے کے بعد تعلیم سے دور ہوتی چلی گئیں اور جس کے نتیجے میں پیچھے کے لحاظ سے بھی دوسروں کے مقابلے میں پیچھے رہ گئیں۔ اس لیے اس فراخ دلی، روشن خیالی اور برداشت کا الزام اسلام کے سر تھوپ دیا گیا۔

اب ہر خلاف اسلام کے اگر سادات کے مشورے پر عمل کیا جائے تو یہ دنیا بالکل بدل جائے گی۔ اگر مذہب کو گھر کی چہار دیواری میں مقفل رکھا کر بند کر دیا جائے تو مذہب کلچر اور رنگ کا امتیاز مٹ جائے گا۔ کینیڈا کے کسی شہر میں بھی "پاکی" کا لفظ سننے میں نہ آئے گا۔ کسی کمپنی میں نوکری صرف اسلیے نہیں ملے گی کہ امیدوار پاکستانی ہے۔ امریکی نیگرو کو سفید فام تصور کرنے لگیں گے۔ کورس کی کتابوں سے ایسی تمام کتابیں نکالی جائیں گی جن میں اسلام یا دوسرے مذاہب کو گالیاں دی گئی ہوں۔ ہندوستانی سینما یا فلموں یا ڈکانوں پر سفید فاموں کے حملے بند ہو جائیں گے۔ سکھوں کے گردواروں کے شیشے نہیں توڑے جائیں گے اور کینیڈین وزٹرز کو انسان تصور کیا جانے لگے گا۔

اب اگر آپ یہ پوچھیں کہ مذہب کو گھر کے اندر بند کر دینے سے اتنا بڑا انقلاب کیسے آ جائے گا تو صاحب میری جان نہ کھائیے! اس کا جواب ہمارے بڑے لیڈر صدر سادات سے پوچھیے جو صدر ناصر نے عرب نیشنلزم کو خدا ماننے کے بعد قوت برداشت کا مظاہرہ کرتے ہوئے بڑے بڑے عالموں کو پھانسی پر لٹکا دیا تھا آج کل صدر سادات بھی اخوان کے مجبوروں کو جیل میں ٹھونسے ہوئے ہیں۔ اسلام کے شیدائیوں کو یہ FANATIC کہتے ہیں۔ اسلام کو ریفارم کرنا چاہتے ہیں۔ اسلام سکھاتا ہے کہ وعدہ کرو تو اس سے منہ نہ موڑو۔ آخری وقت تک صدر سادات یہ فرماتے رہے کہ مصر دوسرے تمام عرب ممالک کو الگ کر کے خود سے اسرائیل سے کوئی معاہدہ نہ کرے گا۔ لیکن ان خالی الفاظ کے باوجود جو انھوں نے کیا وہ آپ سب نے دیکھا۔ یروشلم کو بھی انھوں نے یہودیوں کے حوالے کر دیا۔ عربوں مسلمانوں اور فلسطینیوں کا سر نیچا کرنے کے بعد مسجد میں نماز کے لیے مر گئے نہ جانے کی بھی (الاقوامی پریس نے نہ جانے کیوں خوب تصویریں چھاپیں!)

یہ سب کچھ اسی طرح ممکن ہو سکتا ہے جبکہ مذہب کو سیاست سے الگ کر دیا جائے۔ انشاء اللہ کوئی ہے آپ کو ترقی کر لیں۔ کون منع کرتا ہے! مگر اس کو گھر کے باہر نہ لائیں! برخلاف اس کے خمینی اور جنرل ضیاء تکبیر کے نعرے ہیں۔ وہ نظام مصطفیٰ کو زندگی کے ہر شعبے میں لاگو کرنا چاہتے ہیں۔ ان لوگوں کو چاہیے کہ صدر سادات سے جا کر سبق حاصل کریں اور اسلام کو ریفارم کرنے کے طریقے سیکھیں۔ اگر دوسرے "مسلم" ممالک نے سادات سے سبق حاصل کر لیا تو ہر مسلم ملک مصر کی طرح ترقی کرے گا۔ یہودیوں سے تجارت کے دروازے کھل گئے تو وارے نیارے ہو جائیں گے۔ دنیا بھی بنے گی اور آخرت بھی!

یا بیگن! (BEGIN) تیرا ہی آسرا!!

ایک بڑے میاں، ایک نوجوان کو نصیحت کرتے ہوئے کہنے لگے "مردوں کو چاہیے۔ ہمت اور عزت ہی ایک مرد کا سرمایہ ہے۔ اگر کوئی تمہاری بے عزتی کرے تو جب تک جواب نہ دو آرام کی نیند نہ سوؤ۔ ورنہ شرمندگی اٹھانے کی عادت پڑ جائے گی۔ جب میں جوان تھا اور تمہاری عمر کا تھا تو میں برا بھلا کہنے والے سے بدلہ لینے کے لئے میلوں پیدل بھاگتا چلا جاتا تھا"

نوجوان نے قابل تعریف نظروں سے بوڑھے کی طرف دیکھا اور پوچھا "کیا واپس بھی پیدل ہی آتے تھے؟"

"نہیں، واپس ایمبولینس میں آتا تھا" بوڑھے نے جواب دیا۔

محفلِ شعر و سخن

(اشعار بہ اعتبارِ عنوان)

امتحان

کوئی حد بھی ہے آخر امتحان کی
رہی خیر قلبِ ناتواں کی — گوپی ناتھ امن

•

ستاروں سے آگے جہاں اور بھی ہیں
ابھی عشق کے امتحاں اور بھی ہیں — اقبال

•

یہی ہے آزمانا تو ستانا کس کو کہتے ہیں
عدو کے ہو لیے جب تم تو میرا امتحاں کیوں ہو — غالب

•

شرمندہ ہو گے رہنے بھی دو امتحاں کو
رکھے گا تم سے کون عزیز اپنی جاں کو — میر

•

بہ عذرِ امتحانِ جذبِ دل کیسا نکل آیا!
میں الزام ان کو دیتا تھا قصور اپنا نکل آیا! — مومن

الزام

پھر نہ دینا مجھے الزامِ محبت دیکھو
تم چلے جاؤ تمہیں دیکھ کے پیار آتا ہے — صفیہ پر شیاد پوری

•

مجھ پہ رکھتے ہیں حشر میں الزام
آ نہ جائے زباں پہ تیرا نام — حالی

•

رگیں کھنچنے لگیں اب موت کا ہنگام آتا ہے
وہ جائیں ورنہ ان کے سر الزام آتا ہے — عزیز لکھنوی

•

سینکڑوں ملتے ہیں الزام کے دینے والے
ایک دو بھی نہیں آرام کے دینے والے — داغ

•

الزام بھولے پن کے اس بدگماں پہ ہیں
لاکھوں کے راز پنہاں جس کی زباں پہ ہیں — بیخود دہلوی

جلوسِ جہاں

میں پیدل تھا، میرے قریب آ کے اس نے بہ پاسِ ادب اپنے تانگے کو روکا،
اچانک جو بجری پہ پڑتی ہوئی گرم گھر گھراتے ہوئے پہیوں کی آہٹ ٹہل کر جو ٹھہری
تو میں نے سنا ایک مانوس کٹری مترنم لہجے میں "مجھ سے کوئی کہہ رہا تھا
چلیں گے کہیں آپ؟ بازار، منڈی، اسٹیشن، کچہری"
پلٹ کر جو دیکھا تو تانگے پہ کوئی سواری نہیں تھی فقط اک فرشتہ چھپے کپڑے پہنے ہوئے عنان دو عالم کو تھامے ہوئے تھا۔

میں پیدل تھا اس تانگے میں کوئی تازیانہ، ہوا فرش آہن پہ ٹاپوں کا سر ہے ترنم
کوئی مسند لہجے میں کہتا "ہٹو سامنے سے ہٹو" اور پھر شور...
تھا مگن مری سمت چیخے کہ بالکل جھنجھلا کر جو دیکھا، گیا تھا
بھرے تیز تانگے کی مسند پہ اک صورت سنگ بیہم غرور پھیلی تھی

یا مطلوب کیا ہے؟ خوش حال تھا، یہ پرغنیمت خوشی سے نکل گئی
سر سماحت وہ ملی اپنی دولت کے جیتے رہے، یہ سب کچھ اب سامنے قیمتی
جو ہے منڈیاں ہی جو جس منڈیاں ہیں
یہی کچھ ہوا اسپ و بگھی پر سوار سماں ہے
میں پیدل ہوں اس جلوس جہاں سے اپنی شرکت کی رعایت لی ہے۔

مجید امجد

بہنوں کی محفل

خورشید ضیا حزیں

بہتا پانی گزرا وقت نہیں لوٹتے!

وقت کیا شے ہے؟ اس کی مثال دینا بہت ہی مشکل ہے۔ اگر اس ساری کائنات پر غور کیا جائے۔ تو ملے گا کہ وقت ہی کا طلسم ہمیں نظر آتا ہے۔ وقت جو نظر نہیں آتا۔ محسوس نہیں ہوتا۔ وقت جو ہمیشہ آگے ہی آگے بڑھتا رہتا ہے۔ کبھی مڑ کر نہیں دیکھتا۔ شاید دیکھتا ہو۔ مگر نظر نہ دے گا۔ اور نیا دور خود وقت ہوتا ہے۔

وقت ایک پہیہ سی تو ہے۔ ہر طرف سے ایک سا نظر آتا ہے۔ ایک ہی رفتار سے گھومتا رہتا ہے۔ مگر اس کی ابتدا کہاں سے اور انتہا کہاں؟ کبھی پتہ نہیں چلتا۔

وہ مڑ مڑ کر بیٹ کر آتا ہے۔ مگر سمت یا ساتھی بدل چکے ہوتے ہیں۔ شاید وقت بھی اون کا گولہ ہے۔ کھولتے جاؤ۔ کھلتا چلا جاتا ہے۔ دھاگہ لمبا ہوتا جاتا ہے۔ فرق صرف اتنا ہے کہ اون کا آخری سرا مل جاتا ہے۔ وقت کا آخری سرا کسی نے نہیں دیکھا۔ ہر بار یہی محسوس ہوتا ہے۔ کہ یہ آخری سرا ہے۔ یہ آخری لمحہ ہے۔ مگر جادو کی طرح اندر سے اور دھاگہ نکل آتا ہے۔ اور لمبا نکل آتا ہے۔ لمبا کھلتا ہی چلا جاتا ہے۔ اگر کوئی اس دھاگے کو سمیٹنا چاہے تو سمیٹ نہیں سکتا۔ اور کھولنا چاہے تو کھلتا ہی چلا جاتا ہے۔ اس کا پہلا سرا کس کے ہاتھ میں ہے؟ کون ہاتھ لپیٹ رہے ہیں؟ کوئی نہیں جانتا۔ ہم تو اس الجھے گولے کو سلجھا رہے ہیں۔ اون سرک رہا ہے۔ اور ہم حیرت سے دیکھ رہے ہیں۔ نہ دیکھو تو آگے سے منظر سرک رہے ہیں۔ کچھ ابھر رہا ہے کچھ ڈوب رہا ہے۔ دھاگہ سرکتا رہے گا۔ پہیہ گھومتا رہے گا۔ ہم دیکھتے رہیں گے۔ اور ایک دن آخری سرا ہمارے ہاتھ سے بھی نکل جائے گا۔

مگر کبھی کبھی ایسا بھی ہوتا ہے۔ کہ جی چاہتا ہے اس دھاگے کو پکڑ لیں۔ یہیں پہ روک دیں۔ اس کو آگے نہ جانے دیں۔ اس کو پیچھے لپیٹنا شروع کر دیں۔ بنا بنایا سویٹر تو ادھڑ سکتا ہے مگر وقت کا پیرا ہن نہیں ادھڑ سکتا۔ گولہ لوٹ کر واپس نہیں آتا۔ جہاں اسے روکنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ دھاگہ ٹوٹ جاتا ہے۔ زندگی ساکت ہو جاتی ہے۔

ایک ٹوٹی ہوئی ڈور میرے ہاتھ میں بھی ہے۔ اس کا دوسرا سرا خلاؤں میں گم ہو گیا ہے۔ خلا کا دل کتنا وسیع ہے۔ بڑے بڑے خلاء میں گم ہو جاتی ہے۔ کھو جاتی ہے۔ خلا کی دھند ہماری بصارت کو سلب کر دیتی ہے۔ دھند لا رہتا ہے۔

میں نے بھی ہر ذی روح کی طرح کئی بار سوچا ہے۔ کہ یہ دنیا کیا ہے آخر! نظارے پھیلے ہوئے ہیں۔ چپ رہ جو۔ اور دیکھتی رہو۔ یہ گرم گرم فضائیں۔ یہ مرکتے ہوئے شب و روز۔ یہ بدلتے ہوئے موسم زمانے کے نشیب و فراز۔ یہ آنا جانا۔ یہی دنیا ہے۔ اگر یہی دنیا ہے تو پھر یادیں کیا ہیں؟ ذہن کیا ہے؟ اور دل کیا ہے؟ یادیں تو اس دنیا کی پیچ پیچ راہوں میں بھٹکے ہوئے چراغ ہیں۔ یہ چراغ ہر انسان کی زندگی میں روشنی

پھیلاتے رہتے ہیں۔ انہی کی روشنی میں وہ آگے ہی آگے بڑھتا جاتا ہے۔ ذہن یادوں کا فانوس ہے۔ روشن روشن ماضی کے جھلملاتے ہی رہتے ہیں اور دل۔ یادوں کا معبد ہے۔ وہاں پہروں دیوتا کی صورت براجمان رہتی ہے۔ وہاں آنسو۔ دلی دعاؤں کا روپ دھار کے چرن چرن پھول چڑھاتے ہیں۔ جیسے جلاتے ہیں احساسات۔ عنبر و لوبان بن کر مہک اٹھتے ہیں۔ اور ان ہی دھن میں ایسی پراسرار گھنٹیاں بج اٹھتی ہیں۔ جو پیاری شکلوں کو آنکھوں کے سامنے لے آتی ہیں۔

ہر انسان کے خاکی پیکر میں ایک عبادت گاہ ہے۔ وہ دنیا سے چھپ کر۔ وہاں عبادت کرتا ہے۔ وہاں آنسوؤں سے وضو کرنا پڑتا ہے۔ وہاں محبت کا مصلّٰی بچھایا جاتا ہے۔ وہاں دعا کی تسبیح گھمائی جاتی ہے۔ وہاں عشق کا سجدہ کیا جاتا ہے۔ وہاں ماضی کو ہتھیلی پر رکھ کر دعا مانگی جاتی ہے۔ وہاں پیروں کا آسمانہ ہوتا ہے۔ اس آسمان سے ہیرے جواہرات سے بن کر نچھاور ہوتے ہیں۔ اس زمین پہ آنسو گرنے سے پھول اگتے ہیں۔ اور ہمارے چہرے چمکتے ہیں۔ وہاں ہر نام۔ ایک نغمہ بن جاتا ہے۔ وہ دل کی دنیا ہے۔ اور جب دل کی دنیا میں اجالا نہ ہو تو زندگی اندھیر ہو جاتی ہے۔ دل کی دنیا میں خوبصورت یادوں سے اجالا ہوتا ہے۔ یادیں تو زندگی کا خوبصورت ترین اور عظیم ترین سرمایہ ہوتی ہیں۔ یادیں ہی تو اس خستہ تن خاکی کا زاد راہ ہیں۔ یادیں تو باقاعدہ کل کائنات بن جاتی ہیں۔

ہر ذی نفس سنتے اپنے کاندھے پہ۔ یادوں کی وزنی گٹھڑی اٹھائے ہوتا ہے۔ ہر آنچل کے سرے سے پیار کی گرہ لگی ہے۔ اس بھول بھلیاں اور بھول نگری میں۔ جہاں اپنی ہر ایک خطا کم بھول جاتی ہے۔ پیار کرنے والے چہرے کبھی نہیں بھولتے۔ یادیں ہر قدم کے ساتھ ساتھ سائے کی طرح چلتی ہیں۔ کبھی آگے۔ کبھی پیچھے۔ یادیں۔ محبوب ہستیوں کی۔ پیاری صورتوں کی۔ محبوب دنوں کی۔ خوبصورت زمانوں کی۔ کہ جن کا ہر گزرا لمحہ بڑا خوبصورت تھا جاتا ہے۔

انسان زندگی کی اس تیز تر شاہراہ پہ یادوں کی گرد جھاڑ کر چل نہیں سکتا۔ کبھی یہ یادیں خضر کی صورت راہنما بن جاتی ہیں اور کبھی امید کی صورت قندیل بن کر جل اٹھتی ہیں اور کبھی آہ کی صورت میں لو دینے لگتی ہیں ــــ پھر ہم زمانے کے ساتھ چل پڑتے ہیں ــــ یہ ہمارے ساتھ چل پڑتی ہیں ــــ اس شوخ اور جفا شعار محبوب کی مانند جو بے وقت چلمن اٹھا کر دیکھتی ہے ــــ اور ذرا پہ بجلی گرا کر چھپ جاتی ہے۔

اور ہاں ــــ کبھی ایسا بھی تو ہوتا ہے کہ اچھی لو دینے والی اور ماہ سے تھک کر ــــ جب ذرا گردن جھکاتے ہیں ــــ تو من کے اندر جگنو ہی جگنو روشن ہو جاتے ہیں۔ یہ ننھے ننھے سے یادوں کے جگنو ــــ جو ہماری زندگی کو جینے کا جواز دیتے ہیں۔ جی چاہتا ہے کہ ان کو بڑھ کے پکڑ لیں ــــ اپنے دامن میں باندھ لیں ــــ اپنے بالوں میں پرو لیں۔ مگر ہم جانتے ہیں۔ باندھنے اور پرونے سے جگنو ــــ جگنو نہیں رہتا۔ اس کی روشنی فنا ہو جاتی ہے۔ اسی لیے ہم قدر کے مارے اسے ہاتھ میں نہیں لیتے۔ دور سے نظارہ کرتا چاہتے ہیں ــــ کہ آنکھوں میں ہر وقت گزری زندگی کے جگنو یونہی جھلملاتے رہتے ہیں۔ جلتے بجھتے رہتے ہیں۔

پھر ان گنت یادوں نے میرے آنگن میں ڈیرا ڈال دیا ــــ نہیں یادیں تو جھونوں، وقتوں اور سالوں سے بے نیاز ہوتی ہیں ــــ ان کے ہاں کوئی سالوں کی فصیل ــــ مہینوں کا دروازہ یا وقتوں کی راہداری نہیں ہوتی ــــ وہ تو یونہی آتی جاتی رہتی ہیں۔ جیسے ہوا یا روشنی ــــ ہم ہی انہیں دنوں، سالوں اور مہینوں سے وابستہ کر دیتے ہیں۔ ان کی یادیں کب دستک نہیں دیتیں وہ چپکے سے آہستہ سے چلی آتی ہیں۔ یہ تو زندگی کی علامت بتا جاتا ہے۔ یونہی میرے ذہن میں ایک میلہ سا لگا کرتی ہے۔ میں جب بھی تنہا ہوتی ہوں ایک نظم سی چلنے لگتی ہے۔ ذہن کا کینوس ــــ اس نظم کے مناظر کو آنکھوں کے سامنے گزرتا رہتا ہے۔ گزرے ہوئے بے شمار لمحوں کی رتوں کی، مہینوں کی۔ جس کا آخری منظر یادوں کی بارات پر آ کر ختم ہو جاتا ہے۔ رکتا جاتا ہے۔

یادوں کی یہ بارات ــــ جیسے دل کے صحن میں سے ہی منعقد ہو سکتی ہے۔ جس کا دولہا میرا ذہن ہوتا ہے۔ سہیلیوں کی ٹولیاں چلی آتی ہیں۔ یادوں کی بارات کا استقبال کرتی ہوں اور پھر حسب تخیل کے تانے بانے ــــ ٹوٹ کر بکھر جاتے ہیں تو پھر آنکھوں میں جلن ہوتی ہے آنسوؤں کی قطاریں ہیں ــــ یادوں کے سہرے خالی پڑے کر کسی انجانے دیس کے باسیوں کو تلاش کر رہے ہوتے ہیں جن سے ہمارا ماضی کا رشتہ ٹوٹ کر بکھر کے ہمیشہ کے لیے فنا ہو جاتا ہے۔

●●

عمران شیخ

پکوان

پودینے کے کباب

اشیاء: پودینہ ایک پاؤ۔ بیسن ایک سیر۔ گھی ایک پاؤ۔ ادرک ایک چھٹانک۔ گرم مصالحہ، نمک، مرچ حسب ذائقہ۔ زیرہ، دھنیا آدھ چھٹانک۔

ترکیب: پودینہ کے پتے صاف کر لیں اور بیسن میں آٹے کی مانند گوندھ لیں۔ تھوڑا سا نمک مرچ بھی ملا لیں۔ اب تمام کے چار حصے کر کے بیلن نما بنا لیں۔ ایک دیگچی میں پانی ابلا ڈال کر اوپر چھلنی میں ڈھانپ کر چولہے پر رکھ دیں۔ جب پانی ابلنے لگے تو چاروں رول چھلنی پر رکھ کر کسی برتن سے ڈھانپ دیں۔ بیس منٹ بعد اتار لیں اور اس کے ٹکڑے کاٹ لیں۔ اب تمام ادرک مسالے پیس کر پانی میں ملا لیں اور ٹکیاں اس پانی میں ڈبو ڈبو کر تلتی جائیں۔ سرخ سرخ کباب پودینہ کی شکل کے ہو جائیں گے۔ لذیذ اور چٹ پٹے ہوں گے۔

مرغی کا قورمہ

اشیاء: مرغی ایک عدد، گرم مصالحہ، دھنیا، پیاز، لہسن، نمک، مرچ حسب ذائقہ، جائفل، جاوتری ایک ماشہ۔

ترکیب: پہلے مرغی کے گوشت کے ٹکڑے پیاز چھوٹی کر کے گھی میں ڈال کر بھونیں۔ دہی بھی ڈال لیں گرم مصالحہ بھی۔ جب گوشت خوب خشک ہو جائے تو نکال لیں۔ اسی گھی میں لہسن، پیاز، مرچ، دھنیا، مصالحہ ڈال کر پکا لیں۔ جب خوب اچھا ہو جائے مصالحہ پک جائے تو اس کو بھون لیں۔ اس میں گوشت ڈال کر حسب ضرورت پانی ڈال کر چند منٹ پکا لیں اور اس کے بعد اتار لیں اور نوش فرمائیں۔

سوکھی روٹی کا حلوہ

بہنوں کے گھروں میں روٹی اکثر بچتی ہے۔۔۔ جنہیں اسے ضائع نہ کریں۔ ان کو ایک لذیذ سویٹ ڈش بنانے کا طریقہ بتاتی ہوں۔ بچت کی بچت ہوگی اور لذت کی لذت۔

اشیاء: خشک روٹی کے باریک ٹکڑے (چھوٹے ٹکڑے) آدھ سیر، چینی ایک پاؤ، گھی، دو چمچے، الائچی، چار دانہ، گری، کشمش، پستہ، اور کوئی سی خوشبو حسب ذائقہ۔

پریشر ککر میں پہلے ادھ پاؤ گھی میں چھوٹی الائچی بھونیں پھر روٹی کے ٹکڑے جو کہ بالکل خشک ہوں، ڈال کر اچھی طرح بھونیں جب سرخ ہو جائیں تو ایک سیر پانی ڈال کر ڈھکنی دے دیں۔ پندرہ منٹ کے بعد اس میں چینی ڈال دیں۔ مزید پندرہ منٹ کے بعد جب کہ پانی خشک ہو جائے اور ٹکڑے اچھی طرح گل مل جائیں، اتار لیں۔ گری، بادام اور پستہ، دوسری اشیاء ڈال کر پلیٹوں میں ڈال کر ٹھنڈا ہونے دیں۔ لیجئے روٹی کا حلوہ تیار ہے۔ آپ مہمانوں کے آگے بھی پیش کر سکتی ہیں۔

کھجور کا حلوہ

اشیاء: کھجور تازہ آدھ سیر، دودھ دو سیر، چینی تین چھٹانک، دال چنا ایک پاؤ، گھی ایک پاؤ، کیوڑہ چار چمچے، پستہ کی گری نصف تولہ، بادام کی گری نصف چھٹانک، الائچی سبز چند ایک۔

ترکیب: کھجور تازہ اور بڑی بڑی ہونی چاہئیں ان کو دھو لیں اور ان کھجوروں کی گٹھلی نکال لیں۔ چنے کی دال کو دھو کر صاف کریں اور دودھ میں ڈال کر ابالنے کے لئے رکھ دیں۔ جب دال گل جائے تو دودھ خشک کر کے اتار لیں اسے سل پر باریک پیس لیں۔ اب صاف ہاتھوں سے کھجوروں کو مسل لیں اور پسی ہوئی دال میں ملا دیں۔ ایک کڑاہی میں گھی ڈالیں اور اس میں دال ملی کھجوریں ڈال دیں اور خوب بھونیں۔ جب خوب بھن جائیں تو اس میں چینی ڈال دیں اور بھونتے جائیں جب چینی کا پانی خشک ہونے پہ اس میں الائچی کے دانے پیس کر ڈال دیں اور کیوڑہ ڈال کر اتار لیں اب اس کے اوپر پستہ اور بادام کاٹ کر ڈال دیں۔

بھنے کا جما ہوا حلوہ

رو	کھانڈ	پانی	گھی
ایک سیر	ایک سیر	½ سیر	½ سیر

ترکیب: رو کو کڑاہی میں ڈال کر گھی کے ساتھ خوب اچھی طرح بھون لیں، تاکہ کچا پن جاتا رہے۔ اس سے قبل کھانڈ اور پانی کا قوام بنا کر تیار رکھنا چاہئے۔ جب رو کا رنگ سفیدی سے بدل کر بادامی ہو جائے اسی وقت قوام اس میں ڈال دینا چاہئے۔ اور حسب ضرورت سوختہ کر لیا جائے۔ جب ذرا گاڑھا ہونے لگے اور سے سخت ہونے لگے۔ اس کو اس وقت اتار کر سینی میں پلٹ دیا جائے۔ سینی کی سطح پر اس سے قبل گھی کا ہاتھ ضرور پھیر دیا جائے تاکہ جم جانے کے بعد آسانی سے چھوٹ سکے۔ حلوے کو برابر سینی میں پھیلایا جائے اس پر چاندی کے ورق لگا دیجئے۔ پھر کسی ٹھنڈی جگہ جمنے کے لئے رکھ دیں۔ جب حلوہ جم جائے، تو اس کے ٹکڑے کر کے نوش فرمائیں۔

ہیر بچوں کا سال ہے!

اسی لیے

"کریسنٹ" میں بچوں کی تصاویر شائع کی جا رہی ہیں۔ خواہشمند بہنیں اپنے بچوں کی تصویریں بھیج سکتی ہیں ــــ (ادارہ)

برائے فروخت

برٹش کولمبیا کے علاقہ VAVENBY میں ایک جنرل اسٹور فروخت کیا جا رہا ہے۔ ہیر واحد اسٹور ہے جو LOGING اور SAW MILLS ایریا کے وسط میں واقع ہے۔ اس میں بہت سے ملازمین ہیں۔ اسٹور کے سامنے بڑے لاٹ میں ایک چار بیڈ روم کا مکان بھی ہے جو اسی آفر میں شامل ہے۔ پچھلے سال اس اسٹور کی کل آمدنی $438,000 تھی جو ہر سال بڑھتی ہی جاتی ہے۔ فیملی بزنس کے لئے بہترین موقع۔ صحت کی خرابی کی بنا پر موجودہ مالک کے لئے اس جائیداد کا فروخت کرنا ضروری ہے۔ مطلوبہ قیمت $220,000 مع اسٹاک۔

مزید معلومات کیلئے مالک دکان کو فون کیجئے یا خط لکھئے:

PETE: 112-604-676-9233
VAVENBY GENERAL STORE
BOX 30, VAVENBY, B.C.
V0E 3A0

کریسنٹ
انٹرنیشنل

أَلَا إِنَّ أَوْلِيَاءَ اللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ

مظلوم بھارتی مسلمان اور عالمی اسلامی برادری

بھارت میں مسلمانوں کے قدیم اور مشہور تعلیمی مرکز علی گڑھ میں ایک مرتبہ پھر مسلم کشی کا ہولناک سلسلہ شروع ہو گیا ہے صرف چند ہفتے پیشتر جمشید پور میں بھارتی مسلمانوں کے خون سے جس طرح ہولی کھیلی گئی تھی (اور جو بھارت میں مسلم کش فسادات کی طویل سیاہ تاریخ کا سب سے زیادہ دردناک باب تھا) ابھی اس کا درد کم نہیں ہوا تھا کہ متعصب اور جنونی ہندوؤں نے علی گڑھ میں خون مسلم کو دوبارہ ارزاں کرنے کا سلسلہ شروع کر دیا ہے۔ اس شہر کے مسلمانوں کو صرف چند ماہ کے وقفے کے بعد ایک بار پھر غیر انسانی ظلم و ستم کا نشانہ بننے ...

مظلومیت اور بے فکری کی حالت پر اہل پاکستان کو جو دلی صدمہ ہوتا ہے وہ محتاج بیان نہیں۔ لیکن علی گڑھ اور پھر جمشید پور میں مسلمانوں کے ساتھ جو ظلم ہوا تھا، اور جس کا اعادہ اب پھر علی گڑھ میں کیا جا رہا ہے وہ اس قدر کھلی اور بہیمانہ غیر انسانی حرکت ہے کہ اپنے عوام کے احساسات کی ترجمانی کرتے ہوئے حکومت پاکستان کو اس سلسلے میں نہ صرف بھارتی حکومت سے براہ راست احتجاج کرنا چاہیے بلکہ عالمی اسلامی برادری کے علاوہ ...

ایک المناک کہانی

زندہ دیوار سے

فرقہ بندی

Introduce Crescent To A friend

آئین میں ضروری ترامیم کی جائیں گی: ضیاء

مارشل لاء حکومت نظریۂ ضرورت کے تحت ملک کا انتظام چلا رہی ہے، آئندہ منتخب ہونے والی اسمبلی میں کوئی پارٹی دو تہائی اکثریت حاصل نہیں کر سکے گی جو میں بہتر پوزیشن میں ہوں اور آئین میں ترمیم کر سکتا ہوں

بلدیاتی انتخابات سے متعلق فیصلہ اگست سے بہت پہلے کر لیا جائے گا

صوبائی خود مختاری کا مسئلہ ۱۹۷۳ء کے آئین میں طے ہو چکا ہے

کوئٹہ ۔ (اے پی پی) صدر پاکستان جنرل محمد ضیاء الحق نے کہا ہے کہ وہ آئین میں ایسی ترامیم کرنے سے زرا بھی نہیں ہچکچائیں گے جنہیں وہ ملک کے مفاد میں یا عوام قومی مفاد کے لئے ضروری خیال کریں۔ آج یہاں گورنر ہاؤس میں ایک پریس کانفرنس میں اس سوال کا جواب دیتے ہوئے کہ کیا وہ سمجھتے ہیں کہ انہیں آئین میں ترمیم کرنی چاہئے۔ صدر نے جواب دیا سپریم کورٹ نے مجھے آئین میں ترمیم کرنے کا اختیار دیا ہے۔ مارشل لاء نے صبر و تحمل سے کام کرنے کی ایک وجہ یہی ہے کہ ۱۹۷۳ء کے آئین کو بحال رکھا گیا ہے۔ مارشل لاء حکومت ملک کا انتظام نظریہ ضرورت کے تحت چلا رہی ہے اور سپریم کورٹ کے فیصلے کی حدود کے اندر رہتے ہوئے کام کر رہی ہے۔ صدر ضیاء الحق نے کہا سپریم کورٹ کے فیصلے کے مطابق یہ میرا حق ہو گا کہ ملک کی فلاح و بہبود کے لئے آئین میں کوئی بھی ترمیم کر دوں۔ انہوں نے کہا میں بہتر پوزیشن میں ہوں اور آئین میں ترمیم کر سکتا ہوں کیونکہ مجھے اس بات کی بہت کم توقع ہے کہ کوئی واحد پارٹی آنے والے انتخابات جیت لے گی۔ چونکہ اسمبلی میں کسی پارٹی کو آئین میں ترمیم کرنے کے لئے دو تہائی اکثریت حاصل نہ ہو سکے گی۔ اس لئے آئین میں کسی قسم کی ترمیم خواہ وہ کتنی ہی اہم کیوں نہ ہو نہیں کی جا سکے گی۔ صدر نے کہا بعض سیاست دان یہ بات تسلیم کرتے ہیں کہ آئین میں ترمیم ضروری ہے لیکن وہ چاہتے ہیں کہ یہ معاملہ منتخب اسمبلی پر چھوڑ دیا جائے اگر ایسا ہوتا ہے تو پھر میں ہی ایسی ترمیم کیوں نہ کر دوں۔ انہوں نے واضح طور پر کہا کہ اگر آئین میں کسی قسم کی کوئی ترمیم کی گئی تو یہ ترمیم یقیناً ملک اور قوم کے بہترین مفاد میں ہو گی۔

صوبائی خود مختاری

اس سوال کے جواب میں کہ آئین میں اس بات کی مکمل ضمانت دی جانی چاہئے کہ آئین کے تحت دی گئی صوبائی خود مختاری کی آئندہ خلاف ورزی نہیں کی جائے گی، صدر نے کہا، اگر ضروری خیال کیا گیا تو اس قسم کی ضمانت یقیناً مہیا کی جائے گی۔ انہوں نے کہا ماضی میں بھی یہ ضمانت موجود تھی لیکن اگر اس کا جائز احترام نہیں کیا گیا تو اس میں آئین کا کوئی قصور نہیں ہے۔ آئین پاکستان ایک متفقہ دستاویز ہے جس کا ملک کا ایک ٹکڑا انہوں نے کہا کہ ۱۹۷۳ء کے آئین میں صوبائی خود مختاری کا مسئلہ طے ہو چکا ہے۔

صدر نے اس بات سے اتفاق کیا کہ بلوچستان اور بعض دیگر صوبے آئین میں دی گئی خود مختاری کی خلاف ورزی کی وجہ سے گلہ کرتے رہے ہیں، انہوں نے کہا لیکن اس میں آئین کی وجہ سے نہیں ہوا بلکہ اس کے لئے وہ لوگ ذمہ دار قرار دیئے جا سکتے ہیں جنہوں نے اس پر عمل کیا۔

صدر ضیاء الحق نے کہا کہ بلدیاتی انتخابات سے متعلق فیصلہ اگست سے پہلے کر دیا جائے گا اور عام انتخابات سے قبل بلدیاتی انتخابات کا مقصد ایک مؤثر لوکل سیلف گورنمنٹ قائم کرنا ہے جس سے عوام کے مسائل حل ہو سکیں۔

برطانیہ میں پاکستان اور ... کے ... داخلے ... کی اجازت ...

لندن ۔ (اے پی پی) پاکستان اور دولت مشترکہ کے شہریوں کی کل تعداد جنہیں برطانیہ میں آباد ہونے کی اجازت دی گئی ...

پاکستان میں گردے کی تبدیلی کا پہلا کامیاب آپریشن

کمبائنڈ ملٹری ہسپتال راولپنڈی کے ڈاکٹروں اور ماہرین کا شاندار کارنامہ

مریض اور اسے گردہ عطیہ کرنے والے دوست کی حالت اطمینان بخش ہے

راولپنڈی کنٹ ۔ (اے پی پی) پاکستان آرمڈ فورسز کے ڈائریکٹر آف سرجری لیفٹیننٹ جنرل ملک شوکت حسین کی قیادت میں فوج کے ڈاکٹروں، ماہرین اور نرسنگ عملے کی ٹیم نے یہاں گذشتہ روز کمبائنڈ ملٹری ہسپتال میں گردے کی تبدیلی کا آپریشن کیا جو ملک میں اپنی نوعیت کا پہلا آپریشن ہے۔ جس مریض کے گردہ لگایا گیا وہ ضلع پشاور کا ایک نوجوان افضل رشید ہے جس کے دونوں گردے پتھری کے سبب بیکار ہو گئے تھے اور اب وہ ایک ایسے مرحلے میں پہنچ گیا تھا جہاں اس کے گردے بالکل جواب دینے والے تھے۔ اسے جب کمبائنڈ ملٹری ہسپتال کے یورالوجی ڈیپارٹمنٹ میں بھیجا گیا تو اس کی حالت تشویشناک تھی۔ لیبارٹری ٹسٹ اور دیگر طبی معائنوں کے بعد معلوم ہوا کہ اس کے دونوں گردے بالکل ناکارہ ہو چکے ہیں اور اب اس کے بچاؤ کا واحد راستہ یہی ہے کہ اس کے دونوں ناکارہ گردے نکال کر ان کی جگہ نیا گردہ لگایا جائے چنانچہ فوری طور پر ایک مصنوعی گردے کے ذریعے اس کی صحت کو قائم رکھا گیا۔ اسی اثنا میں مریض کا دوست عبدالسلیم جو ضلع پشاور سے تعلق رکھتا ہے آیا اور رضاکارانہ طور پر اپنا ایک گردہ مریض دوست کو دینے پر راضی ہو گیا۔ چنانچہ ڈاکٹروں نے پہلے اس امر کی مفصل تحقیقات کیں کہ گردہ دینے سے عبدالسلیم کو تو کوئی نقصان نہیں پہنچے گا اور کیا عطیہ ... کے مطابق اپنی ... کو زندگی گزار سکے گا۔ نیز اس امر کی ... تحقیق کی گئی کہ ... کا جسمانی نظام نیا گردہ قبول کرے گا ... تمام پہلوؤں سے پورا یقین و اطمینان حاصل کر لینے کے بعد آپریشن کی تیاریاں مکمل کی گئیں۔

سابق صوبائی وزیر جام صادق علی کو پانچ سال قید سخت اور دس لاکھ روپے جرمانے کی سزا

منظور حسین دھدرا کو چھ ماہ قید سخت اور تین لاکھ روپے جرمانے کی سزا دی گئی

خصوصی فوجی ٹریبونلوں نے بدعنوانی اور غلط طرز عمل کے مقدمات کے فیصلے سنا دیئے

پروفیسر غفور اور رحمت الٰہی

جماعت اسلامی کے نائب امیر چنے گئے

سیشن عدالت نے چور کا ہاتھ کاٹنے کی سزا منسوخ کر دی

ملزم کو صرف تین سال قید بھگتنا ہو گی

مہدی حسن اور اس کے ساتھیوں کو شراب پی کر شور مچانے کے الزام میں گرفتار کر لیا گیا

لاہور ۔ (نمائندہ خصوصی) شمالی چھاؤنی پولیس نے ... مشہور گلوکار مہدی حسن اور اس کے چار دوسرے ساتھیوں کو شراب پی کر غل غپاڑہ کرنے کے الزام میں گرفتار کیا ہے ...



محکمۂ ٹیکس نے فلمی اداکاروں سے انکم ٹیکس کی وصولی کیلئے نوٹس جاری کر دیئے

سابق حکومت نے سیاسی وجوہ کی بنا پر وصولی روک دی تھی

لاہور ۔ (اپنے نمائندے سے) محکمہ انکم ٹیکس نے فلمی صنعت کے متعدد اداکاروں سے ٹیکس کی وصولی کے لئے باضابطہ کارروائی شروع کر دی ہے اور اس سلسلے میں کئی اداکاروں کو جائیداد کی قرقی کے نوٹس جاری کر دیئے گئے ہیں ... بعض اداکار پیپلز پارٹی کے سرگرم کارکن تھے ...

بلدیاتی انتخابات

عام انتخابات سے قبل منعقد کروانے پر

ردِ عمل

• پارٹی پوزیشن •

نمبر	پارٹی	پوزیشن
۱	پاکستان قومی اتحاد	مخالفت
۲	مسلم لیگ (خواجہ خیرالدین گروپ)	حمایت اور مخالفت دونوں
۳	مسلم لیگ (پگارو گروپ)	حمایت اور مخالفت دونوں
۴	پاکستان مساوات پارٹی	مخالفت
۵	تحریک استقلال	مخالفت
۶	متحدہ پاکستان پارٹی	حمایت
۷	پاکستان جماعت اسلامی	مخالفت
۸	کرسچین لیگ	حمایت
۹	نیشنل ڈیموکریٹک پارٹی	مخالفت
۱۰	پاکستان پیپلز پارٹی	مخالفت
۱۱	پروگریسو پیپلز پارٹی	حمایت
۱۲	جمعیت علمائے اسلام	مخالفت
۱۳	جمعیت علمائے پاکستان	مخالفت

گنبد کی آواز

لاہور کی ایک مجلس تقریب میں ذوالفقار علی بھٹو کو ایصال ثواب کے لئے قرآن خوانی کی جا رہی ہے

چہلم کے موقع پر ملک بھر سے ہزاروں افراد نے بھٹو کی قبر پر حاضری دی

نوڈیرو میں ماتمی جلوس نکالا گیا اور "انتقام" کے نعرے لگائے گئے

پیپلز پارٹی کے حامیوں نے ایصال ثواب کی محفلیں منعقد کیں

بھٹو کی نعش کا پوسٹ مارٹم کرانے اور تارا مسیح کو پیش کرنے کی درخواست رد

غیر مصدقہ اطلاع پر کارروائی نہیں کی جا سکتی : عدالت عالیہ

بھٹو نے پھانسی سے قبل اپنی بیگناہی کے بارے میں کوئی بات نہیں کی تھی

میں نے سیل میں بھٹو کا دو بار طبی معائنہ کیا وہ بالکل ٹھیک ٹھاک تھے

کنٹونمنٹ مجسٹریٹ راولپنڈی کی عدالت میں ڈسٹرکٹ جیل کے ڈاکٹر اصغر حسین کا بیان

صدر ضیاء الحق کی چوہدری محمد علی سے ملاقات

کراچی، ۳ مئی (ریپ) صدر جنرل ضیاء الحق نے آج غیر رسمی طور پر سابق وزیراعظم چوہدری محمد علی سے ان کی قیام گاہ پر جا کر ملاقات کی اور کچھ عرصان کے ساتھ ٹھہرے۔ گورنر سندھ لیفٹیننٹ جنرل ایس ایم عباسی بھی ان کے ہمراہ تھے۔

بھٹو کی رسم چہلم پر عوام کا ایک ہجوم ان کی قبر پر فاتحہ خوانی کر رہا ہے۔

پنجاب کا قافلہ ملک کی قیادت میں نعرے لگاتی ہوئی بھٹو کی قبر کی طرف جا رہی ہیں۔



ایلس انٹرنیشنل

سارے شمالی امریکہ میں ایک جانا پہچانا نام

آئس کریم پلانٹ، کرین آئس کریم مشین، فریج، ٹی وی، ہیکلٹ مشینز اور دوسرا مشینری بجلی کی پروڈکٹس براہ راست پاکستان بکنگ کے علاوہ ہمارے پاس یہاں پر بھی ۲۲۰ دولٹ کے ریڈیو ریکارڈر اور شیور وغیرہ موجود ہیں۔ اس کے علاوہ فیوڈ ڈرائنگ کار اور پاکستانی ایمبیسی سے آمدنی کے سرٹیفیکیٹ سے متعلق معلومات کیلئے آج ہی فون کیجئے یا خط لکھیئے۔

AALICE INTERNATIONAL
3240 Bloor St., W., Suite No.5A
Toronto, Ont. CANADA, M8X 1E4
Tel:(416) 791-8496

افغانستان کی صورتحال پر پاکستان اور روس میں سفارتی سطح پر رابطہ

روس ترکی حکومت کی ناکامی پر پردہ ڈالنے کے لیئے پاکستان کے خلاف الزام تراشی کر رہا ہے ● افغانستان کے خلاف پاکستان کی جنگی تیاریوں سے متعلق پراودا کے الزامات مضحکہ خیز ہیں

پاکستان خطرناک کھیل میں مصروف ہے: پراودا کی دھمکی

افغان حکمران پاکستان کے ساتھ مذاکرات پر تیار نہیں

پاکستان کے کسی صوبے یا حصے میں علیحدگی کی کوئی تحریک موجود نہیں

ہم جمہوری قوتوں کو اکٹھا کر کے اقتدار چھین لیں گے

مفاد پرست بیوروکریسی کے سہارے اقتدار پر قابض ہیں: بزنجو

تمام اسلامی ممالک ایران کی نئی اسلامی حکومت کی بھرپور اخلاقی اور مادی امداد کریں

ایرانی انقلاب تمام محب اسلام طاقتوں کے لیے نقطہ اتحاد بن جائیگا: مولانا مودودی

عوام کی نظروں میں سیاستدانوں کو گرانے کی کوشش کی جا رہی ہے

سیاسی جماعتوں کو کم سے کم متفقہ پروگرام پر متحد ہو جانا چاہیئے

بلدیاتی انتخابات اور عام انتخابات بیک وقت بھی ہو سکتے ہیں: شیر باز مزاری

نصرت بھٹو کو پیپلز پارٹی کی تاحیات چیئرمین بنا دیا گیا

ہماری سرحدوں پر کوئی گڑبڑ ہوئی تو ہم پوری توجہ پاکستان پر مرکوز کر دینگے: ترکی

"بلوچوں اور پختونوں کا مسئلہ نیا نہیں، پاکستان اسے حل کرے"

افغان مہاجرین کو فوجی امداد اور تربیت دینے کے الزامات بے بنیاد ہیں

حکومت پاکستان مہاجرین کے لیے خوراک پر لاکھوں ڈالر خرچ کر چکی ہے

اقوام متحدہ کے کمیشن برائے مہاجرین کے وفد کو روس اور افغانستان کے الزامات کی کوئی شہادت نہیں ملی

پیپلز پارٹی کو ہر ضلع میں کارکنوں کے کنونشن منعقد کرنے کی اجازت دی جائے

پاکستان قومی اتحاد جمہوریت نہیں فسطائی عناصر کا گروہ ہے: حنیف اللہ طارق

بزنجو اور ان کے ساتھی این ڈی پی کو کمیونسٹ نواز پالیسی پر چلانا چاہتے تھے

چار قومیتوں کے نظریے کو ہرگز تسلیم نہیں کیا جا سکتا

اردو قومی زبان ہے اس کے حصے کو کم نہیں کیا جا سکتا: شیر باز مزاری

انتخابات پروگرام کے مطابق ۱۷ نومبر کو ہونگے

کسی ایک فرقے کے مذہبی عقائد دوسرے فرقے پر مسلط نہیں کئے جائیں گے اس سلسلے میں ضروری اقدامات تجویز کرنے کے لیے ایک کمیٹی پہلے ہی قائم کی جا چکی ہے، اقلیتوں کو اسلامی نظام کے تحت مساوی حقوق حاصل ہوں گے

ہم باہمی اتحاد و استحکام کے طفیل اسلامی معاشرے کے قیام کا مقصد حاصل کر لیں گے

نئے بجٹ میں عوام پر ان کی برداشت سے زیادہ بوجھ نہیں ڈالا جائیگا، پریس کانفرنس سے خطاب

کراچی ۔۔۔ (نمائندہ خصوصی) صدر جنرل ضیاء الحق نے کہا ہے کہ انتخابات کے لئے حالات سازگار ہیں۔ آج ایک پریس کانفرنس میں ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے کہ بعض سیاستدان حالات کو انتخابات کے لئے سازگار نہیں سمجھتے صدر نے کہا کہ اگر صورت حال قابل بھروسہ ہوتی تو سترہ نومبر کو انتخابات کے انعقاد کا اعلان نہ کیا جاتا [illegible]

[illegible]

ہر قسم کی اُردو کتابیں دستیاب ہیں۔ فہرست کیلئے لکھیے۔

اُردو ڈائجسٹ

ہر مہینے اُردو ڈائجسٹ حاصل کرنے کے لیئے ہمیں لکھیئے یا فون کیجیئے

PRICE: $2.00 (Postage 45c Extra) Subscription for one year $25.00

اپنے چیک TechnoPak کے نام لکھیئے اور اس پتہ پر بھیجیئے:

Suite 804, 100 Echo Point, Scarborough, Ontario, Canada, M1W 2V2 (phones (416) 497 9623, 493 4374)

بھٹو کے مشیر اطلاعات یوسف بچ کی بیوی کو حشیش سمگل کرنے پر لندن میں گرفتار کر لیا گیا

مسز مریم بچ کو ۱۹۷۷ء میں سوئٹزرلینڈ میں گرفتار کرنے کے بعد رہا کر دیا گیا تھا

[illegible]

شیخ رشید، سعید ملک، بیگم خاکوانی، شیخ رفیق، افضل شاہ، محمد محسن کی رہائی کا حکم دے دیا گیا

[illegible]

Golden Mile گولڈن مائیل CHEVROLET OLDSMOBILE

MOTORS LIMITED

گولڈن مائیل کی ۱۹۷۸ء ماڈل کی اپنی نمائشی گاڑیوں کی خاص کم قیمت سیل شروع ہے!

نئی یا پرانی گاڑیوں کی خرید کے لیئے ہماری خدمات حاصل کیجیئے

ANWAR SHAIKH

TELEPHONE: 759-2201 - AREA CODE 416

1897 EGLINTON AVENUE EAST, SCARBOROUGH, ONTARIO

روسی حکمران افغانستان میں "سرخ انقلاب" کو ہر قیمت پر کامیاب کرانے کا تہیہ کر چکے ہیں

پاکستان ایٹمی صلاحیت حاصل کرنے کے بارے میں اپنی مساعی منجمد کر دے تو امریکہ ہر قسم کی امداد بحال کر دے گا

آغا شاہی کے دورہ واشنگٹن کے دوران امریکی حکام نے تجویز پیش کر دی

اسلام آباد ۔۔۔ (نمائندہ خصوصی) [illegible]

[illegible]

Please Visit For

Halal Meat & Spices

حلال گوشت اور مرغیاں

نہایت سستے داموں پر مہیا کی جاتی ہیں

ٹورانٹو میں حلال گوشت کی پہلی دوکان

AFRO ASIAN

918 PAPE AVENUE
TORONTO

PHONE: 463-1287

سعودی عرب کی طرف سے اسلامی ترقیاتی فنڈ کے لیے ایک کروڑ ڈالر کا عطیہ

تیونس ۔۔۔ [illegible]

پاکستان کو بیرونی تجارت میں [illegible] کروڑ ڈالر کا خسارہ

[illegible]

• سیاست دان ذاتی انا اور گروہی سیاست کے حصار میں مقید ہیں
• افغانستان کیا سوچ رہا ہے
• بائیں بازو کو لائن مل گئی ہے
• سفارتخانوں کی تقریبات اور پاکستانی صحافیوں کا رویہ
• محب وطن جماعتوں کی باہمی سر پھٹول بائیں بازو کی تقویت کا باعث ہوگی

مکتوب اسلام آباد

ممتاز لیاقت

وطنِ عزیز اس وقت جن داخلی اور خارجی خطرات میں گھرا ہوا ہے بعض اوقات یوں لگتا ہے کہ کسی ذی ہوش سیاسی رہنما کو اس کا احساس نہیں اور اگر احساس ہے تو وہ اپنے ... [illegible]

[illegible]

Luncheon Special Between 12 - 2.30P.M.

پاکستانی کھانوں کے لئے شہر بھر میں مشہور ہے

پارٹیوں کے لئے خصوصی انتظامات اور رعایت

مرغ مسلم تکے کباب بریانی اور بیشمار لذیذترین کھانے

لالہ زار

جہاں ہر قسم کے نفیس پاکستانی کھانوں کے علاوہ

سستے کھانے بالٹی گوشت اور تندوری روٹی حلال گوشت

LALAZAR
RESTAURANT
429 A Donlands Avenue
Toronto (near Donlands Cinema)

TELEPHONE 421-1770

We cater for private Parties

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سرینٹ

ٹورانٹو کینیڈا

ہر روزہ انٹرنیشنل

اسلامی اقدار و بیرون وطن پاکستانیوں کا ترجمان - شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور کثیر الاشاعت اخبار

جلد: ۶ | ۵ رجب ۱۳۹۹ھ | یکم جون ۱۹۷۹ء | شمارہ: ۳

پاکستان میں ترکی اور فرانس کا ملا جلا طرزِ حکومت نافذ کرنے کی تجویز پر غور کیا جا رہا ہے

ہم ایٹم بم نہیں بنا رہے ہیں ۔ ایٹمی قوت پر امن مقاصد کے لئے استعمال کی جائے گی ۔ تین جنگوں کے باوجود مسئلہ کشمیر حل طلب ہے

بھٹو نے تمام ادارے تباہ کر دیئے - اس کے بُرے کام بھی یاد رہیں گے

رحم کی اپیل منظور کر لی جاتی تو بڑی مثال قائم ہو جاتی ۔ بھارتی صحافی کو صدر ضیاء الحق کا انٹرویو

[illegible]

سرمایہ کاری کیلئے بھیجے جانے والے زرمبادلہ کی شرح تبادلہ میں اضافہ کر دیا جائے گا؟

افراطِ زر پر قابو پانے کے لیے متعدد اقدامات کیے جا رہے ہیں

بیرون ملک پاکستانیوں کو ۲۰ لاکھ روپے تک کی مشینری بلا ڈیوٹی لانے کی اجازت دیدی گئی

کھلی منڈی میں ڈالر کی خریداری بڑھ جانے سے نرخوں میں اضافہ ہو گیا

[illegible]

صدر کے ساتھ ہماری بات چیت ناکام رہی: عطاء اللہ مینگل

[illegible]

شائستہ اکرام اللہ کی تحریک استقلال میں شمولیت

[illegible]

خواجہ رفیق کے قتل کے الزام میں مصطفیٰ کھر سمیت نو افراد کے خلاف مقدمہ درج کرا دیا گیا ۔ سماعت آج ہو گی

[illegible]

بلدیاتی انتخابات کے بعد عام انتخابات ملتوی نہ کرائے جائیں: پیر پگارہ

مسلم لیگ قومی اتحاد کو مضبوط بنانے کے لیے تاریخی کردار ادا کرے گی

دونوں دھڑوں میں اتحاد کے بارے میں تین چار روز تک اعلان کر دیا جاتا ہے گا: پیر پگارہ

[illegible]



پاکستان میں الیکشن

صفحہ ۶ پر اداریہ ملاحظہ کیجئے۔

کینیڈا پاکستان کو تین کروڑ ڈالر کی امداد دے گا

[illegible]

Please subscribe to the CRESCENT, a Pakistani English/Urdu Newspaper in regular print for the last 8 years.

SUBSCRIPTION RATES:

1 Year ... $8.00 (US Air Mail $10.00)
2 Years ...$14.00 (US Air Mail $17.00)
6 Months ... $5.00 (US Air Mail $6.00)
Anywhere else for 1 Year, By Air Mail $14.00

Crescent

338 Hollyberry Trail
Willowdale, Ontario
Canada M2H 2P6
Telephone: (416) 493-4374

Name ....

Address ....

....

Postal Code ....

Telephone No. ....

PLEASE MAKE CHEQUES PAYABLE TO "CRESCENT"